© rasailojaraid.com



● **احکام الحج** مؤلف: مولانا مفتی محمد طاہر مسعود ضخامت: ۲۴۰ صفحات قیمت: درج نہیں

ملنے کا پتا: المیزان ۔الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

حج اور عمرہ کے مسائل کے حوالے سے بہت سی کتابیں بازار میں موجود ہیں۔ ان کی اپنی اپنی اہمیت ہے۔ نت بدلتے حالات کے ساتھ ساتھ مسائل بھی نئے نئے سامنے آنے لگے۔

مفتی صاحب نے ان مسائل کو قرآن وحدیث، سنت، اجماعِ صحابہ اور اجتہاد کی روشنی میں حل کیا ہے۔ فضائل حج، فلسفہ و اہمیت حج، آدابِ سفرِ حج، حج کی مسنون دعائیں۔ اصطلاحی الفاظ اور ان کے معانی، حج کی شرائط، احرام اور اس سے متعلقہ مسائل، طواف، سعی، اقسام حج، منیٰ، عرفات، مزدلفہ کی دعائیں اور مسائل، خواتین کا حج، زیارات مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ، روضۂ اقدس پر حاضری، صلوٰۃ وسلام اور اس کے آداب۔ ان عنوانات کے تحت مفتی صاحب نے نہایت شرح وبسط کے ساتھ باحوالہ مسائل ومعلومات جمع کی ہیں۔ زبان نہایت آسان اور عام فہم ہے۔

کتاب کی تصدیق وتحسین کرنے والی شخصیات میں حضرت خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ علیہ، شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان مدظلہ، حضرت مولانا سید ارشد مدنی مدظلہ (دارالعلوم دیوبند) اور مبلغ اسلام، مدرس مسجد الحرام حضرت مولانا محمد مکی حجازی دامت برکاتہم شامل ہیں۔

● **حج اور سفرِ حج کی مسنون دعائیں** مرتب: مولانا مفتی طاہر مسعود ضخامت: ۲۴ صفحات قیمت: درج نہیں

ناشر: المیزان، الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

حج......ارکانِ اسلام میں سے ہے۔ اللہ تعالیٰ اسباب اور استطاعت نصیب فرما دیں تو حج فرض ہو جاتا ہے۔ مولانا مفتی طاہر مسعود صاحب نے حج اور سفرِ حج کی ستر مسنون دعاؤں کو ترجمہ کے ساتھ اس طرح مرتب کیا ہے کہ سفرِ حج کے لیے گھر سے نکلنے سے لے کر واپس گھر آنے تک کے تمام اہم مواقع کی مسنون دعائیں اس میں شامل ہیں۔ بہ ظاہر دیکھنے میں یہ ایک چھوٹی سے کتاب ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ مفتی صاحب نے کوزے میں دریا بند کر دیا ہے۔ ہر دعا باحوالہ اور ہر بات مستند، شیخ المشائخ حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ علیہ کی رائے گرامی اور تحسین سند کے لیے کافی ہے۔ دو رنگوں میں نہایت خوبصورت طباعت کے ساتھ حج وعمرہ ادا کرنے والوں کے لیے بہترین تحفہ ہے۔

● **احکام عمرہ** مؤلف: مولانا مفتی محمد طاہر مسعود ضخامت: ۱۵۴ صفحات قیمت: ۱۲۰ روپے

ملنے کا پتا: المیزان، الکریم مارکیٹ، اردو بازار لاہور

ایک حدیث کا مفہوم ہے کہ "اگر اسباب مہیا ہوں تو عمرہ کیا کرو"۔ بیت اللہ کی زیارت، طواف، سعی، احرام، حلق سب عبادات میں شامل ہیں۔ چونکہ یہ عبادات ہر مسلمان کے لیے ہر وقت ممکن نہیں زندگی میں کبھی کبھار ہی اس کی

© rasailojaraid.com